فوری ریلیز کے لیے: 28/9/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا پولیو سے نمٹنے کے لیے مزید کارروائی کرنے اور کاؤنٹیوں کے محکمۂ ہائے صحت کے لیے امداد میں اضافے کا اعلان***

***ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کی کمشنر نے مقامی محکمۂ صحت کی ویکسینیشن کی کوششوں کے وسائل کو وسعت دینے کے لیے پولیو وائرس کو 'صحتِ عامہ کے لیے ایک فوری خطرہ' قرار دے دیا ہے***

***محکمۂ صحت ممکنہ پھیلاؤ کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہے اور بچپن میں ویکسینیشن کی شرح میں اضافہ کرنے کے لیے مقامی صحت حکام اور علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مل کر مصروفِ عمل ہے***

***کمشنر کے اعلامیہ کا خط یہاں پڑھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اُن اضافی اقدامات کا اعلان کیا ہے جو ریاست نیو یارک میں گردش کرنے والے پولیو وائرس کے شواہد کو حل کرنے کے لیے اٹھائے جا رہے ہیں، بشمول حفاظتی ٹیکوں کی مہمات چلانے میں صحت کے مقامی محکموں کی مزید مدد کے لیے ایک سرکاری اعلان۔ آج اس سے پہلے، ریاست نیو یارک کی صحت کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے پولیو وائرس کو ریاست نیو یارک میں صحتِ عامہ کے لیے ایک فوری خطرہ قرار دیا، اس طرح حفاظتی ٹیکوں کے کلینکوں کے قیام، نگہداشتِ صحت میں شراکت داروں کو ویکسین کی فراہمی، اور نیو یارک کے غیر ویکسین شدہ اور کم ویکسین شدہ افراد تک رسائی کا اہتمام کرنے، خاص طور پر وائرس سے متاثرہ علاقوں اور بچوں میں حفاظتی ٹیکوں کی شرح میں اضافہ کرنے میں مقامی محکمہ ہائے صحت کی مدد کے لیے فنڈز اور وسائل کی دستیابی کو بڑھایا گیا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "روزِ اول سے ہی، ہم نے پولیو کے پھیلاؤ کا مقابلہ کرنے اور نیو یارک کے مکینوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے صحتِ عامہ کا جارحانہ انداز اپنایا ہے۔ یہ اعلامیہ نیو یارک کے مکینوں کو فالج کرنے والی بیماری سے بچانے، پھیلاؤ کو روکنے اور صحتِ عامہ کے ہمارے شراکت داروں کی مدد کے لیے ہماری جاری کوششوں کو تقویت دے گا"۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کی کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا،** "کاؤنٹیوں کے مقامی محکمہ ہائے صحت، مراکز برائے ضبط و انسدادِ امراض میں ہمارے شراکت داروں، اور قابلِ اعتماد رہنماؤں کے ساتھ روزانہ کام کرتے ہوئے، محکمہ ان کاؤنٹیوں میں بچپن اور علاقے میں ویکسینیشن کی شرح کو بڑھانے کے لیے مؤثر طریقے سے کام کر رہا ہے جہاں وائرس کا پتہ چلا ہے۔ طویل عرصے سے قائم سکولوں میں حفاظتی ٹیکوں کے تقاضوں کی بدولت، بالغوں کی اکثریت، اور زیادہ تر بچے، پولیو کے خلاف مکمل طور پر ویکسین شدہ ہو چکے ہیں۔ ہماری توجہ کم عمر بچوں میں پولیو کے قطرے پلانے کے بروقت انتظام کو یقینی بنانے اور متاثرہ علاقوں میں ایسے بچوں اور بڑوں کو پکڑنے پر مرکوز ہے جنہیں حفاظتی ٹیکے نہیں لگے ہیں یا پورے نہیں لگے ہیں۔ یہ کام پوری قوت سے جاری ہے"۔

اعلامیہ اہلِ علاقہ کو صحتِ عامہ کی ان سرگرمیوں کے لیے معاوضے کا دعویٰ کرنے کے لیے ریاستی محکمۂ صحت کے دفتر برائے صحتِ عامہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔ کمشنر کے اعلامیے میں 21 جولائی سے 31 دسمبر تک پولیو وائرس کے ردِعمل کی سرگرمیوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

ریاستی محکمۂ صحت کے ساتھ کام کرتے ہوئے، صحت کے مقامی محکمے ریاست نیو یارک میں گندے پانی کی نگرانی، طبی نگرانی، اور حفاظتی ٹیکوں سے محروم نیو یارک کے لوگوں کے لیے پولیو کے خلاف فعال طور پر ردِعمل دینا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ محکمے ان علاقوں میں جہاں وائرس کا پتہ چلا ہے، زیادہ سے زیادہ آگاہی پھیلانے اور ویکسینیشن کی حوصلہ افزائی کے لیے تعلیم بھی دے رہے ہیں اور رابطے بھی کر رہے ہیں، خاص طور پر چھوٹے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کو۔

راکلینڈ کاؤنٹی میں ایک غیر ویکسین شدہ فرد میں فالج کرنے والے پولیو کے کیس کی نشاندہی کے بعد، ریاستی محکمۂ صحت نے گندے پانی کی نگرانی کا آغاز کیا، جو کہ علاقوں میں سیوریج کے پانی میں وائرس کی علامات کی جانچ کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ مراکز برائے ضبط و انسدادِ امراض کے تسلسل کے تجزیے کے بعد سے راکلینڈ کاؤنٹی، اورنج کاؤنٹی، اور سولیوان کاؤنٹی سے لیے گئے نمونوں میں پولیو وائرس کے بار بار ثبوت ملے ہیں اور ساتھ ہی نیو یارک سٹی اور نساؤ کاؤنٹی سے لیے گئے نمونوں میں بھی پائے گئے ہیں۔

ریاست نیو یارک نے اپنی کوششوں کو ان علاقوں میں مرکوز کیا ہے جہاں خطرہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے، جس میں یہ بھی شامل ہے کہ جہاں بار بار پتہ چلتا ہے، اور جہاں ایسے بچوں کی تعداد نسبتاً کم ہے جنہوں نے 2 سال کی عمر تک پولیو کی تین خوراکیں مکمل کر لی ہیں۔ ان علاقوں میں راکلینڈ، اورنج اور سولیوان کاؤنٹیاں شامل ہیں۔

اس ماہ کے شروع میں، گورنر Hochul نے صحتِ عامہ کے لیے کسی بھی ممکنہ پھیلاؤ اور خطرے سے جارحانہ انداز میں نمٹنے کے لیے سٹیٹ ڈیزاسٹر ایمرجنسی کا اعلان کیا تھا۔ اس اعلان نے نیو یارک کے مکینوں کو فالج کرنے والی بیماری سے بچانے کے لیے وسائل کی دستیابی میں اضافہ کیا۔

ماضی میں، گورنر Hochul نے ایک ایگزیکٹو آرڈر جاری کیا تھا، جس نے ہنگامی طبی خدمات کے کارکنان، دائیوں، اور فارماسسٹوں کو ویکسین لگانے کی اجازت دے کر پولیو ویکسین کے منتظمین کے نیٹ ورک کو فوری طور پر پھیلایا اور اور ڈاکٹروں اور تصدیق شدہ نرس پریکٹیشنرز کو غیر-مریضوں کے لیے مخصوص سٹینڈنگ آرڈر جاری کرنے کا اختیار دیا۔ جولائی میں جاری کردہ، یہ ایگزیکٹو آرڈر نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں سے یہ بھی تقاضا کرتا ہے کہ وہ ریاست نیو یارک کے حفاظتی ٹیکوں کے معلوماتی نظام کے ذریعے ریاستی محکمۂ صحت کو پولیو کے حفاظتی ٹیکوں کا ڈیٹا بھیجیں، جس سے ایجنسی اور صحت کے مقامی محکموں کو ویکسینیشن کی سرگرمیوں پر توجہ مرکوز کرنے کے قابل بنایا جائے جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے اور علاقوں میں پولیو کے خلاف تحفظ کی سطح کو سمجھنے کے لیے ایک اور ڈیٹا پوائنٹ دیا جائے۔

پولیو ویکسینیشن طویل عرصے سے مراکز برائے ضبط و انسدادِ امراض کا ایک جزو رہی ہے اور مشاورتی کمیٹی برائے امیونائزیشن پریکٹسز نے حفاظتی ٹیکوں کے نظام الاوقات اور ریاست نیو یارک کے سکول جانے کے تقاضوں کی سفارش کی ہے۔ ریاست نیو یارک میں زیادہ تر بالغ اور بہت سے بچے پہلے ہی ویکسین لگوا چکے ہیں۔

پولیو ویکسین پائیدار تحفظ فراہم کرتی ہے، اور غیر فعال پولیو ویکسین، جو کہ امریکہ میں دستیاب واحد ویکسین ہے، 99 سے 100 فیصد لوگوں کو بیماری سے بچاتی ہے جنہیں تمام تجویز کردہ خوراکیں لگی ہوتی ہیں۔ 21 جولائی سے 25 ستمبر تک، راکلینڈ، اورنج، سولیوان، اور نساؤ کاؤنٹیوں میں تقریباً 26,000 پولیو ویکسین کی خوراکیں 18 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کو پلائی گئی ہیں – جو کہ سنہ 2021 میں اسی عرصے کے مقابلے میں 26 فیصد اضافہ ہے۔

17 سال یا اس سے کم عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرست جن کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے نہیں پلائے گئے ہیں یا ان کے پولیو کے حفاظتی ٹیکوں کی خوراک تازہ ترین نہیں ہے انہیں فوری طور پر اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کے بچوں کو تمام تجویز کردہ اب تک کی خوراکیں مل گئی ہوں۔ یہ خاص طور پر تب ضروری ہے اگر

وہ ان علاقوں رہتے ہیں، کام کرتے ہیں، سکول جاتے ہیں، یا اکثر سماجی میل جول رکھتے ہیں جہاں کے گندے پانی میں پولیو وائرس کا بار بار پتہ چلا ہے، جس میں راکلینڈ، اورنج، اور سولیوان کے علاقے شامل ہیں۔

غیر ویکسین شدہ یا کم ویکسین والے نیو یارک کے لوگ جو ایسے علاقوں میں رہتے ہیں یا کام کرتے ہیں جہاں پولیو وائرس کا بار بار پتہ چلتا ہے اور ان کے سامنے آنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے انہیں تمام مجوزہ خوراکیں لینا یقینی بنانا چاہیے۔

ان علاقوں سے باہر نیو یارک کے بالغ افراد جنہیں ویکسین نہیں لگائی گئی، اپنی ویکسینیشن کی کیفیت کے بارے میں یقین نہیں ہے، یا ویکسینیشن کے معاملے میں تازہ ترین نہیں ہیں، انہیں نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں سے مشورہ کرنا چاہیے۔ اگر ویکسینیشن کی سفارش کی جاتی ہے اور فراہم کنندہ کے پاس خوراک دستیاب نہیں ہے، تو نیو یارک کے مکینوں کو اپنے مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کرنا چاہیے۔

پولیو ایک سنگین، جان لیوا بیماری ہے جو اعصابی نظام کو متاثر کرتی ہے اور پٹھوں کی کمزوری، فالج یا موت کا سبب بن سکتی ہے۔ پولیو بہت متعدی مرض ہے اور کسی کے ذریعے پھیل سکتا ہے حتیٰ کہ اگر وہ بیمار نہ بھی ہو یا اس میں علامات نہ ہوں، جن میں زکام جیسی ہلکی علامات سے لے کر فالج، مستقل معذوری اور موت تک شامل ہیں۔

پولیو، پولیو کے حفاظتی ٹیکوں، 2 سال کی عمر تک کے بچوں کے لیے پولیو ویکسینیشن کاؤنٹی کے لحاظ سے، زپ کوڈ کے لحاظ سے، اور گندے پانی کی نگرانی کے تازہ ترین نتائج کے بارے میں مزید جانیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418